© rasailojaraid.com



# نقد و تبصرہ

کتاب کا نام - THE FATIMID THEORY OF STATE

مصنف - (پی۔ جے۔ واٹی کیوٹس) P. J. VATIKIOTIS

قیمت - ۳۵ روپے

ناشر - (ادارۂ ثقافت اسلامیہ، لاہور، پاکستان)

اس مختصر سی کتاب میں وسیع معلومات ہیں، مسلمانوں کی سیاسی تاریخ کا مطالعہ ہے، بنو امیہ کے زوال بنو عباس کے اقتدار اور فاطمی تحریک (دعوہ) کے آغاز اور انجام کا جائزہ ہے۔ سنی نظریۂ خلافت اور شیعی بالخصوص فاطمی نظریۂ امامت اور دونوں فرقوں کے دلائل کا مفصل بیان اور موازنہ ہے۔ کتاب کے ابواب فاطمیوں کے نظریۂ ریاست اور ان کے سیاسی نظام کی بحث اور تنقید پر مشتمل ہیں۔

کتاب کا وہ حصہ جس میں فاطمی نظریۂ قانون (فقہ) کا سنی نظریۂ قانون (فقہ) سے تقابل کیا گیا ہے بہت معلومات افزا ہے۔ اسلامی قانون سے دلچسپی رکھنے والوں اور فقہا کے لئے اس کا مطالعہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

مختلف ادیان کے عقائد اور ان کی تاریخ، اسلامی فرقوں کے نظریات اور ان کے دلائل پر مصنف کی نظر بہت گہری ہے اور اس بارے میں مصنف کی معلومات حیرت انگیز ہیں۔ کتاب کا انداز بیان عالمانہ ہے، اس میں اختصار بھی ہے اور جامعیت بھی۔

اسلامی تاریخ، اسلامی فرقوں کے نظریات اور مختلف مسلم حکمران خاندانوں کے نظامہائے حکومت کے مطالعہ کا شغف رکھنے والوں کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ان کی معلومات میں بہت اضافہ کرے گا۔

(غلام مرتضیٰ آزاد)

© rasailojaraid.com